بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ٭ نحمدہٗ و نصلی علیٰ رسولہ الکریم

# مرقع قادیانی

نمبر ۱۲ | بابت مئی ۱۹۰۸ء | جلد ۱

## گلدستہ قادیانی

مرزا صاحب کو الہام ہوا ہے کہ کبھی معدہ کے خلل سے بھی ورم ہو جاتی ہے (ریویو - اپریل) سبحان اللہ کیا لطیف الہام ہے جو آج تک کسی طبیب کو بھی معلوم نہ تھا۔

الہام ہوا کہ "رعایا میں سے ایک شخص کی موت" (ذالیضاً) کون بے ایمان ہے جو اس الہام کی وقعت کو نہ مانیگا۔ واہ کیا کہنے ہیں یہی تو الہام ہیں کہ دشمن بھی مان جائیں۔

الہام ہوا "فتح" (کس کی یہ مت پوچھو۔ جسکی ہوگی وقت پر کہدینگی)

## ضروری اعلان

چونکہ اس نمبر مرقع میں اعلحضرت مرزا صاحب کے الہامات کی قلعی اچھی طرح کھولی گئی ہے اس لئے ہمارے احباب مرقع کے ترقی خواہ اس نمبر کی اشاعت میں ہمیں مدد دیں اسکی صورت آسان ہی کہ قادیانی مضامین سے شائق دوستوں کے نام معہ پورے پتہ اور مرزائیت غیر مرزائیت کی تصریح کے لکھکر دفتر ہذا میں بھیجدیں یہ رسالہ بطور نمونہ اُنکو مفت بھیجا جاویگا اور اگر ممکن ہو تو خریدار پیدا کرنیمیں ہمت کریں۔ امید ہے ناظرین اس درخواست کو معمولی نہ سمجھیں گے ٭